مطبوعات

علمی اُردو لُغت (جامع) تالیف: جناب وارث سرہندی صاحب
شائع کردہ: علمی کتاب خانہ، اردو بازار لاہور
قیمت مجلّد: -/۱۵۰ روپے صفحات: ۱۶۲۰

جناب وارث سرہندی اگرچہ ایک گوشہ نشین صاحب علم ہیں، لیکن اُردو کے لسانی مطالعے میں ان کی خدمات کا ہر حلقہ معترف ہے۔ انہوں نے زیرِ تبصرہ لغت ترتیب دے کر اُردو زبان و ادب کی خدمت کے ساتھ ساتھ اس کے سرمایہ فرہنگ میں کمی کو بطریقِ احسن پورا کیا ہے۔ یہ لغت نہ تو فرہنگ آصفیہ اور نور اللغات کی طرح ضخیم ہے اور نہ اتنا مختصر کہ ضرورت کے عام الفاظ بھی اس میں جگہ پانے سے رہ جائیں۔ اس میں جامعیت اور اختصار کو بڑی محنت سے ہم رکاب رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔

فاضل مرتب نے دوسرے لغات کو سامنے رکھ کر محض الفاظ و معانی نقل نہیں کر دیے ہیں بلکہ ہر لفظ کو اس کے ماخذ کی روشنی میں دیکھنے کی کوشش کی ہے۔ اس لُغت میں اس امر کا بھی اہتمام کیا گیا ہے کہ اُردو زبان میں جو جو الفاظ، تراکیب اور مصطلحات رواج پا چکے ہیں انہیں صحت کے ساتھ درج کیا جائے۔ الفاظ پر اعراب لگانے کا التزام کیا گیا ہے اور لفظ کے تمام پہلو نمایاں کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ علمی اور فنی اصطلاحات کا استعمال جو کسی ایک طبقے تک محدود نہیں اور جو علمی و فنی کتابوں میں عام طور پر مستعمل ہیں، انہیں اس لغت میں شامل کر لیا گیا ہے۔

انسانی کوشش میں خواہ کتنی ہی بھرپور اور سلیقے سے کی جائے خامیاں رہ ہی جاتی ہیں۔ اس بنا پر یہ لُغت بھی اگرچہ بڑی احتیاط اور عرق ریزی سے مرتب کیا گیا ہے لیکن اغلاط سے مبرا نہیں۔ ہمارا خیال ہے کہ انگریزی الفاظ اور مصطلحات کے جو ترجم فاضل مرتب نے درج کیے ہیں وہ نظرِ ثانی کے محتاج ہیں، مثلاً انہوں نے خود ارادیت کو SELF DETERMINISM کا ترجمہ

قرار دیا ہے درآنحالیکہ انگریزی میں DETERMINISM جبریّت کے معنوں میں مستعمل ہے اس کے علاوہ ذخیرۂ الفاظ میں بھی قدرے اضافہ کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ اگر ان دو گذارشات پر غور کر لیا جائے تو یہ لغت جو اپنی موجودہ صورت میں بڑا ہی قابلِ قدر ہے ایک معیاری اور مستند لغت بن سکتا ہے۔

ہم فاضل مرتب اور ناشر کی اس علمی کاوش کو ہر اعتبار سے قابل ستائش سمجھتے ہیں۔

بہشتی زیور (حصہ اوّل و دوم)

ناشر: مکتبۂ زریں، جہازی بلڈنگ، موڑسمن آباد، رستم پارک، لاہور

صفحات: ۱۵۸ (فی حصہ)

قیمت: ساڑھے پانچ روپے (فی حصہ)

زیرِ نظر کتاب اُردو زبان میں اسلامی عقائد اور فقہی احکام و مسائل پر مشتمل ہے جسے پاک و ہند کے مشہور فقیہ اور جیّد عالمِ دین مولانا اشرف علی تھانویؒ نے مسلمان خواتین کی ضروریات کو مدِّنظر رکھتے ہوئے مرتب کیا تھا۔

اس سے قبل یہ کتاب لاکھوں کی تعداد میں چھپ کر قبولِ عام حاصل کر چکی ہے۔ اب مکتبۂ زریں نے عام کتابی سائز میں خوبصورت پیپر بیک کے ساتھ اس کے دو حصے شائع کیے ہیں اور تیسرے حصے کی اشاعت کے بعد کتاب مکمل ہو جائے گی۔

مسلم خواتین کو اُن کی روزمرّہ زندگی کے مسائل و معاملات میں اسلامی خطوط پہ چلانے اور اسلامی معاشرتی آداب سے آشنا کرنے کے سلسلے میں یہ کتاب نہایت ہی مفید ہے۔